سبق 13

# عید

فاروق: امّی عید کب آئے گی؟

امّی: جب ماہِ رمضان کے روزے پورے ہو جائیں گے
تو عید کا چاند دکھائی دے گا اس کے دوسرے
دن عید الفطر ہوگی۔



خالد: امّی میرے دوست تو میٹھی عید پر
سوئیاں کھانے کے لئے ہمارے گھر
آنے کو کہہ رہے ہیں۔

امّی: ضرور بیٹے تم، فاروق اور فاطمہ
اپنے اپنے دوستوں کو عید پر
ضرور بلانا۔ تہوار تو سب ہی مل
جل کر خوشی خوشی مناتے ہیں۔



فاطمہ: امّی خالد اور فاروق بھائی تو صبح سے
ہی کپڑے بدل کر عید کی نماز کے لئے عید
گاہ چلے جائیں گے۔ میں نئے کپڑے پہن کر

ان کا انتظار کروں گی۔

سارہ: عید گاہ سے واپس آ کر ابّو اور دادا جان ہم کو عیدی جو دیں گے۔ چچا جان مٹھائی اور کھلونے لائیں گے۔ نانی نے میرے لئے نئی فراک اور چوڑیاں بھیجی ہیں۔

خدیجہ: تاج ماموں مجھے ماہِ نو اور بشریٰ کو جھولا جھلانے لے جائیں گے؟ اور گڈّو ماموں بھی آئیں گے نا؟

امّی: (ہنس کر) ہاں ہاں بیٹی یہ سب کچھ ہو گا۔

(عید کا دن ہے دس بجے صبح کا وقت باہر دروازے پر کوئی پکار رہا تھا فاروق باہر نکلا۔)

امیت: فاروق عید مبارک ہو۔

ولیم: عید مبارک ڈئیر فاروق۔

سیما: عید مبارک فاروق۔ فاطمہ گھر پر ہے۔ سیما کی آواز سن کر فاطمہ آتی ہے اور اس کو اندر لے جاتی ہے

سیما: فاطمہ تمہیں عید مبارک ہو۔

امی: بچّو آؤ پہلے کھا پی لو پھر باتیں کرنا۔ میں نے تمہارے لئے سوئیوں کے ساتھ دہی بڑے اور چھولے بھی بنائے ہیں۔ کھا کر بتانا کیسے لگے۔

سب مہمان بچّوں نے سوئیاں، شیر خُرما اور نمکین خوب تعریفیں کر کے کھایا۔ دادا ابّا نے بچوں کو عیدی بانٹی۔ گھر بچوں سے خوشی سے بھرا ہوا تھا۔

---

تدریسی اشارے: بچوں کو تہواروں کے بارے میں معلومات فراہم کرانا۔ قومی یکجہتی کے جذبہ کو بڑھاوا دینا۔ پڑھنے کی صلاحیت بڑھانا۔ عید کے دن خوشی منانے اور مل جل کر ایک دوسرے کے ساتھ شامل ہونے کی ترغیب دینا۔

## مشق اور سوالات

1۔ (الف) ملا کر لکھئے۔

| | |
|---|---|
| رم ض ان | |
| ف اط م ہ | |
| ان ت ظ ار | |
| ن م از | |
| خ وش ی | |
| چ ان د | |

(ب) پڑھئیے، سمجھئیے، اور لکھئیے:۔

عید، عید الفطر، عیدی، رمضان، روزے، سوئیاں، شیر خُرما، عیدگاہ، دہی بڑے، تہوار،

2۔ امّی عید کب آئے گی۔ یہ بات کس بچّہ نے پوچھی صحیح نام پر گولا بنایئے۔

خالد فاطمہ فاروق سارہ خدیجہ اسماء

3۔ عید کے دن فاروق کے گھر کون کون سے دوست آئے ان کے نام چو خانے میں لکھئے۔

ثمرین    سیما    سارہ    ولیم    فاطمہ    امیت

4۔ غلط جملوں کے سامنے (×) کا نشان لگائیں اور صحیح پر (✓) ایسا نشان لگایئے۔

(1) جب رمضان کے روزے پورے ہو جائیں گے تو عید کا چاند دکھائی دیگا۔

(2) امی میرے دوست تو عید پر سوئیاں کھائیں گے۔

(3) عید پر چچا جان مٹھائی اور کھلونے لائیں گے۔

(4) عید کی نماز کے لئے عیدگاہ جاتے ہیں۔

(5) سب مہمان بچوں نے گلاب جامن خوب تعریفیں کر کے کھایا۔

(6) دادا ابّا نے بچوں کو عیدی نہیں دی۔

5۔ سوالات

(1) عید کا تہوار کب منایا جاتا ہے؟

(2) رمضان کے مہینے میں مسلمان کیا کرتے ہیں؟

(3) عید کی نماز کے لئے کہاں جاتے ہیں؟

(4) روزہ کیا ہوتا ہے؟

(5) عید کا تہوار کیسے مناتے ہیں؟

6۔ نیچے دیئے ہوئے ادھورے جملوں کو مناسب لفظوں کی مدد سے پورا کیجئے۔

عیدی    عیدگاہ    مل جل کر    کھا کر

(1) ..........بتانا کیسے لگے

(2) عید کی نماز کے لئے لوگ................جاتے ہیں۔

(3) تہوار..........خوشی خوشی مناتے ہیں۔

(4) دادا جان نے سب کو..........دی۔

7۔ تینوں خانوں میں سے ایک ایک لفظ لے کر پورے پورے جملے بناؤ اور لکھو، جیسے:۔

نانی    فراک    بھیجیں گی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) | نانی | عیدی | پہنے گی |
| (2) | فاطمہ | چوڑیاں | جھولے گی |
| (3) | خدیجہ | کھلونے | لے جائیں گے |
| (4) | فاروق | جھولا | دیں گے |
| (5) | دادا | مٹھائی | خریدیں گے |
| (6) | ابو | فراک | بھیجیں گے |
| (7) | سارہ | عیدگاہ | کو بلائے گا |
| (8) | چچا جان | دوستوں | کھائے گی |

.................................................................... (1)

.................................................................... (2)

.................................................................... (3)

.................................................................... (4)

.................................................................... (5)

.................................................................... (6)

.................................................................... (7)

.................................................................... (8)

